RAMPUR STATE GAZETTE

ریاست رامپور گزٹ

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

جلد ۲۳	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۵ جمادی الاول ۱۳۲۹ھ مطابق ۱۵ مئی ۱۹۱۱ء	نمبر ۲۱

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	نسبت بیع یا محصول آراضی سرکاری دیگر دوم کمیٹی	۱ و ۲
۲	عطاء اختیارات مجسٹریٹی بینچ حشمت علیخان صاحب مہتمم بندوبست و دیگر انتظام	۲ و ۳
۳	عطاء اختیارات اسسٹنٹ کلکٹری درجہ دوم بتحصیلدار بلاسپور	۳
۴	اضافہ مدرس سوم عربی مدرسہ عالیہ	۳
۵	نقشہ جات دہات	ضمیمہ

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

مورخہ ۲۰ اپریل ۱۹۱۱ء

مثل رپورٹ صاحب ہوم سکرٹری بہادر

ہر دو معاملہ مصرحہ رپورٹ متعلق رائے صاحب ہوم سکرٹری بہادر منظور ہے۔ کاغذات براے اجراء احکام صاحب ہوم سکرٹری بہادر کے پاس مرسل ہوں اصل مثل محافظ خانہ واپس محافظ خانہ ہو۔

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم

بغرض عرض میرساند

جناب عالی

دو معاملے زیر بحث تھے - اول یہ کہ آراضی سرکاری کا بیع کرنا یا شامل مکان کرنا - دوسرا کمیٹی کا کورم پورا نہین ہوتا - اور ممبران جب تعداد سے کم آتین تو کمیٹی کا ملتوی رہنا - ان دونون امور کے طے کرنیکے واسطے جنرل کمیٹی منعقد ہوی تھی - جنرل کمیٹی سے یہ تجویز ہوا ہے -

نمبر ۱ - تحقیقات سے اگر یہ ثابت ہو کہ بدنیتی سے سرکاری آراضی بیع کی ہے یا شامل مکان کی ہے تو ضرور تخلیہ ہونا چاہیے - اور اگر لاعلمی سے ایسا ہو جاوے تو بجگونہ قیمت بمقابلہ نرخ محلہ کے لیجایا کرے -

نمبر ۲ - جب کمیٹی ہو ممبران موجودہ مین سے ایک ثلث کو اطلاع دیجاوے - اور ثلث کے نصف ہی ممبران ہو جائین تو کمیٹی ہو جایا کرے اس سے کم تعداد پر کمیٹی ملتوی رہے - ایک ثلث ممبران کی تعداد بارہ ہے - چھ ممبران کے آجانے پر کمیٹی ہو سکتی ہے - دوسرے کمیٹی جب کیجاوے تو ان ممبران کو چھوڑ کر جو شریک کمیٹی ہوے ہین دوسرے ممبران کو بقدر ثلث کی اطلاع دیجاوے اسطرح جنرل کمیٹی کی کاروائی ہوا کرے اس صورت مین یقین ہے کہ کمیٹی کا التوا نہو گا -

پہلے معاملہ کے متعلق جان نثار کی یہ راے ہے کہ اگر کوئی شخص آراضی سرکاری کو لاعلمی کی حالت مین مکان مین شامل کر لے اور وہ آراضی بھی ایسی ہو کہ جس سے سرکاری کوئی نقصان و ہرج نہو تو بشرح محلہ بجگونہ قیمت آراضی بطور تاوان وصول کر لیجاوے - اور اس حالت مین کہ شمول آراضی سے کسی قسم کا ہرج و نقصان سرکار متصور ہو یا بدنیتی سے سرکاری آراضی بیع کی گئی ہو تو تخلیہ کرایا جاوے -

اور دوسرا امر جو تعداد ممبران و التواء کمیٹی کی بابت ہے اسکی نسبت ترقیخواہ کو کمیٹی کی راے سے اتفاق ہے حسب راے ممبران کمیٹی بابت تعداد ممبران قواعد میونسپلٹی مین ترمیم کیجانیکا حکم صادر فرمایا جاوے لہذا عرضداشت ہذا مع کاغذات متعلقہ بغرض منظوری ارسال حضور پرنور ہے

دولت و اقبال جاوید باد

دستخط صاحب [illegible]

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۲۹ اپریل سنہ ۱۹۱۱ء

بنظر مصالح انتظامی حسب ذیل احکام صادر کیے جاتے ہین -

۱ - جب مجسٹریٹ مجاز کو تحقیقات سرسری کی رو سے باور ہو جاوے کہ کوئی شخص حدود ریاست کے اندر -

الف - عادتاً سرقہ بالجبر کرنے والا یا نقب زن یا چور ہے یا -

ب - عادتاً مال مسروقہ لیا کرتا ہے یہ جانکر کہ وہ مال مسروقہ ہے -

ج - عادتاً چورون کی محافظت کرتا یا انکو پناہ دیتا ہے یا مال مسروقہ کو چھپانے یا تصرف کرنے مین مدد دیتا ہے یا -

د - عادتاً نقصان رسانی یا استحصال بالجبر یا دغا کرتا ہے یا سکہ یا کرنسی نوٹ یا کاغذات اسٹامپ کی تلبیس کرتا ہے یا ویسا کرنے کا اقدام کرتا ہے -

ہ - عادتاً جرائم مخرب نقض امن کا مرتکب ہوتا ہے یا انکے ارتکاب کا اقدام کرتا ہے یا انکے ارتکاب مین اعانت کرتا ہے -

و - اور کسی قسم کا نہایت خطرناک بدمعاش ہے -

تو مجسٹریٹ مذکور کو اختیار ہوگا کہ خواہ اس شخص سے مچلکہ مع ضامنو کے بوعدہ نیک چلنی ایسی میعاد کے لئے جو تین برس سے زیادہ نہو تحریر کرا لینیکا حکم صادر کرے - خواہ شخص مذکور کے لئے دونون قسم مین سے

کسی قسم کی سزاے قید تجویز کرے جسکی میعاد ایک سال تک ہو سکتی ہے۔

۲- اگر کوئی شخص جسکی نسبت حسب دفعہ (۱) مدت معینہ کے اندر جلکہ داخل کرنیکا حکم ہوا ہو تعمیل حکم نہ کرے تو مجسٹریٹ مذکور کو اختیار ہوگا کہ جلکہ داخل کرنے کے لئے مہلت مزید دے یا اسکی نسبت حسب دفعہ (۱) مناسب سزاے قید تجویز کرے۔

۳- واسطے انفصال مقدمات متذکرہ دفعہ (۱) منشی حشمت علیخان مہتمم بندوبست کو براے میعاد چہ ماہ بطور خاص اختیارات مجسٹریٹی دیے جاتے ہین۔

۴- جو چالان کہ حسب دفعہ (۱) روبکار ہذا روبروے مجسٹریٹ ضلع کے آئین وہ مجسٹریٹ مذکور کے اجلاس مین منتقل کیے جاینگے۔

۵- مقدمات مذکورہ کے تصفیہ مین کارروائی بطور سرسری عمل مین آئیگی- اور اسمین جو احکام صادر ہونگے وہ لایق اپیل نہونگے- لیکن حکم آخر کی نا راضی سے نگرانی با جلاس جوڈیشل ہو سکیگی- اور بحیثیت مجسٹریٹی اس عدالت کا تعلق بھی اجلاس جوڈیشل سے ہوگا۔

۶- بعد میعاد معینہ اگر ما بدولت واقبال ضروری تصور فرمائینگے کہ آیندہ بھی احکام ہذا عمل پذیر رہین تو بروقت حکم مناسب صادر کیا جائیگا۔

حکم ہوا کہ

احکام ضابطہ جاری ہون۔

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پر نور دام اقبالہم وملکہم

واقع ۲۹ اپریل سنہ ۱۹۱۱ء

تقرر تحصیلداران کی منظوری اس اجلاس سے ہوتی ہے- اختیارات جو تحصیلداران کو صیغہ مال کے متعلق دئے جانا چاہیے- وہ صاحب ریونیو سکرٹری بہادر اپنے اجلاس سے دے سکتے ہین- رپورٹ اطلاعی اس اجلاس مین آنا چاہیے- کاغذات صاحب ریونیو سکرٹری بہادر کے پاس مرسل ہون

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکرٹری بہادر

بمنشاء حکم بندگان عالی حضور پر نور دام اقبالہم وملکہم سید علی مظہر تحصیلدار ٹانڈہ کو صیغہ مال مین اختیارات اسسٹنٹ کلکٹری درجہ دوم دیے جاین- احکام ضابطہ جاری ہون- ایک نقل حکم اجلاس ہمایون مع حکم ہذا برائے گزٹ ہو- ایک نقل حکم اجلاس ہمایون فائل بک اجلاس مین چسپان ہو

۳ مئی اپریل سنہ ۱۹۱۱ء

ملخص حکم اجلاس صاحب ہوم سکرٹری بہادر

اضافہ

۳ مئی سنہ ۱۹۱۱ء

حسب سفارش ڈائرکٹر صاحب مدرسہ عالیہ مولوی معز اسد خان مدرس عربی مدرسہ عالیہ کی تنخواہ مین دو روپیہ ماہوار اضافہ منظور کیا گیا۔

مطبع ریاست رامپور مین چھپکر شائع ہوا

نقشہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور ماہواری اپریل سنہ ۱۱ء ۱۹

نام مقام	تفصیل پیدائش							تفصیل فوتی																	میزان اتلافہ ۱۹ لغایت ۲۵	کیفیت
	مرد		عورت		میزان	تفصیل مذہب		ایک سال سے ۵ سال تک		۶ سال سے ۱۲ سال تک		۱۳ سال سے زیادہ		میزان		تفصیل مذہب		تفصیل امراض								
	مسلمان	ہندو	مسلمان	ہندو		مسلمان	ہندو	مرد	عورت	مرد	عورت	مرد	عورت	مرد	عورت	مسلمان	ہندو	ہیضہ	چیچک	تپ	متفرق	مارگزیدن	درندہ جانور کے کاٹنے سے	طاعون		
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴	۲۵	۲۶	۲۷
کوتوالی	۳۳	۷	۱۲	۴	۶۰	۴۹	۱۱	۲۹	۳۳	۱۰	۷	۳۰	۷۴	۷۹	۱۱۴	۱۴۲	۳۰	۱	۲۱	۰	۹۱	۰	۰	۸۰	۱۹۳	
گنج	۲۳	۲	۱۳	۰	۳۸	۳۶	۲	۳۴	۳۴	۱۸	۱۷	۱۰۳	۱۳۰	۱۵۵	۱۹۱	۳۰۸	۳۸	۰	۳۵	۰	۹۱	۰	۰	۲۲۰	۳۴۶	
حوالی شہر	۲۳	۲۷	۶	۹	۹۵	۲۹	۳۶	۶	۴	۳	۵	۲۶	۳۹	۳۵	۴۸	۴۹	۳۴	۱	۱	۰	۸۱	۰	۰	۰	۸۳	
عظیم نگر	۴۱	۳۵	۳۵	۲۶	۱۳۷	۷۶	۶۱	۱۳	۷	۶	۴	۳۰	۲۷	۴۹	۳۸	۳۸	۳۹	۰	۲	۰	۵۹	۰	۰	۲۶	۶۷	
شاہ آباد	۱۴	۳۵	۸	۲۸	۸۵	۲۲	۶۳	۲۶	۲۴	۳۰	۳۵	۱۵۴	۱۵۷	۲۱۰	۲۱۶	۱۸۷	۲۹	۰	۲	۱۱۹	۰	۰	۰	۳۰۵	۴۲۶	
بھوانی	۶	۴۰	۶	۲۷	۸۹	۱۲	۷۷	۹	۵	۹	۳	۳۱	۲۶	۵۴	۳۴	۱۲	۷۶	۰	۳	۰	۸۱	۰	۰	۴	۸۸	
ملک	۱۴	۹۴	۱۵	۷۴	۱۹۷	۲۹	۱۶۸	۲۹	۱۳	۱۷	۱۷	۸۲	۶۶	۱۲۸	۹۶	۴۸	۱۷۶	۱	۵	۰	۱۵۵	۱	۰	۶۲	۲۲۴	
بلاسپور	۱۳	۱۱	۲۳	۱۴	۶۱	۳۶	۲۵	۱۱	۱۷	۸	۱۴	۴۶	۴۷	۶۵	۷۸	۷۱	۷۲	۰	۱۲	۰	۶۰	۲	۰	۶۹	۱۴۳	
کیمری	۱۲	۲۵	۱۲	۶	۵۹	۲۸	۳۱	۱۴	۸	۸	۹	۴۱	۵۹	۶۳	۷۶	۹۷	۲	۰	۰	۵۵	۳	۰	۰	۸۱	۱۳۹	
سوار	۲۸	۱۵	۴۲	۱۳	۹۸	۷۰	۲۸	۱۳	۱۶	۴	۴	۴۰	۳۲	۵۷	۵۲	۶۸	۴۱	۰	۰	۰	۸۱	۰	۰	۲۸	۱۰۹	
ٹانڈہ	۱۱	۱۶	۱۱	۷	۴۵	۲۲	۲۳	۱۴	۱۳	۷	۱۲	۳۱	۳۴	۵۲	۵۹	۷۶	۴۴	۰	۴	۰	۵۲	۰	۰	۵۵	۱۱۱	
میزان	۲۲۲	۳۰۶	۱۸۶	۲۱۸	۹۳۴	۴۰۹	۵۲۵	۱۹۸	۱۸۴	۱۱۵	۱۲۶	۶۳۴	۷۹۳	۹۴۷	۱۰۰۲	۱۱۲۲	۸۲۷	۲	۸۵	۱۷۴	۷۵۴	۳	۰	۹۳۰	۱۹۴۹	

پریس ریاست رامپور